کس قیامت کے نامے میرے نام آتے ہیں

سعودی عرب سے کھلا خط ...... میرے نام آپ کے نام

بریلوی سے دیوبندی اور پھر دیوبندی سے اہلحدیث ہونے کی لمحہ بہ لمحہ داستان

حرمین نے ہماری کایا پلٹ کر رکھ دی ۔ جدہ سے تین پاکستانیوں کا مشترکہ اعلان

گیارھویں کا ختم دلاتے دلاتے چلے کاٹنے لگ گئے ۔ ہم نے سوچا شاید اصلی دین یہی ہے

انہیں مکہ سے کوئی غرض ہے نہ مدینہ سے کوئی تعلق ۔ یہ تو فضائل اعمال کا درس دیتے ہیں

قرآن وحدیث کا اعجاز ہے کہ ہم نے داڑھیاں بھی رکھ لیں ، اور سنت کے مطابق نمازیں بھی پڑھتے ہیں

ہمارے ساتھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت کو دھڑا دھڑ قبول کر رہے ہیں ۔ ہم حنفی رہے نہ بریلوی صرف محمدی

ہم کوشش میں ہیں کہ کسی طرح ہمارے والدین کا پاکستان میں عقیدہ درست ہو جائے

المرسل محمد سعید جدہ

۹۷-۸-۶

بخدمت جناب مدیر مجلہ حرمین جہلم

السلام علیکم و رحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہم آپ کا مجلہ حرمین جناب خادم حسین پردیسی صاحب سے لے کر پڑھتے ہیں ۔ ہم دو تین ساتھی اپنی آپ بیتی آپ کو تحریر کر رہے ہیں ۔ اگر مناسب سمجھیں تو مزید تصحیح کرلیں اور اسے اپنے مجلہ کی زینت بنادیں ۔ تاکہ ہمارے حالات پڑھ کر مزید ساتھی ہماری جماعت میں شامل ہوں ۔

(نمبر ۱) میرا نام محمد شہزاد ہے میں ضلع سرگودھا کا رہائشی ہوں ۔ یہاں جدہ میں مکینک کا کام کرتا ہوں میرے دوسرے ساتھی محمد حاکم کا تعلق ضلع لاہور سے ہے اکھٹے کام کرتے ہیں ۔ پہلے ہم بریلوی مسلک سے تعلق رکھتے تھے ۔ ہماری ورکشاپ کے قریب ہی دیوبندی حضرات کا چھوٹا سا اجتماع ہوتا ہے ۔ جس میں ہم بھی شریک ہوتے تھے ۔ بلکہ ہم چلے وغیرہ بھی کاٹ چکے ہیں ۔ جب ہم دیوبندی ہوئے تو ہم نے سمجھا کہ اب اصلی دین کی طرف آئے ہیں ۔ ابھی چند چلے ہی کاٹے تھے کہ ہماری ملاقات محمد خلیل سلفی جہلمی سے ہوئی ۔ انہوں نے بتایا کہ جدھر اب تم گئے ہو یہ بھی تو بریلویوں کے بھائی ہیں ۔ ان کی نسبت مکہ مکرمہ یا مدینہ منورہ سے نہیں ہے اور نہ ہی یہ قرآن

وحدیث کا درس دیتے ہیں۔ یہ تو فضائل اعمال کا درس دیتے ہیں جو اکثر جھوٹے واقعات ہیں۔

۱۔ مثلاً قبر سے حضورؐ کے ہاتھ کا نکلنا

۲۔ نبیؐ نماز کے وقت اپنے آپ کو رسی سے باندھ لیتے۔

۳۔ ایک نماز کا ثواب ۳۶۵۳۲ کروڑ

۴۔ ایک سید صاحب ایک ہی وضو میں بارہ دن نماز پڑھتے رہتے۔

۵۔ ایک شخص روزانہ آٹھ قرآن پڑھتا تھا۔

۶۔ امام ابوحنیفہ وضو کا پانی دیکھ کر بتادیتے کہ کون سا گناہ دھل رہا ہے۔ محمد خلیل سلفی نے بتایا کہ قرآن وحدیث میں ایسی کوئی بات نہیں ہے۔ ہم بہت پریشان ہوئے تو پھر اللہ کا احسان ہوا کہ خلیل صاحب نے ہمیں آپ کا مجلہ حرمین لاکر دیا۔ رمضان صاحب کی آپ بیتی پڑھی۔ قرآن احسن البیان لیا۔ حدیث بھی پڑھنا شروع کی تو اللہ کی قسم پتہ چلا کہ اصلی دین کن کے پاس ہے۔ اہل حدیث ہونے کے بعد ہم نے چہرے پر سنت رسولؐ یعنی داڑھی بھی رکھ لی ہے۔ رفع یدین بھی کرتے ہیں۔ صحیح سنت کے مطابق نماز پڑھتے ہیں۔ شلواریں ٹخنوں سے اوپر کرلی ہیں اور اب ہم گھر والوں کو بھی اہل حدیث مسلک پر عمل کرنے کی دعوت دے رہے ہیں۔ محمد خلیل صاحب کے ساتھ ملکر ہم آگے دوسرے بھائیوں کو بھی دعوت دے رہے ہیں اور بہت سے ساتھی دین محمدی کو سمجھ رہے ہیں۔ محمد خلیل کے ساتھ خادم حسین پردیسی ہماری بہت مدد کررہے ہیں خادم حسین کے ساتھ ہم نے مولانا مدنی صاحب سے مکہ معظمہ میں ملاقات بھی کی۔ انھیں کہا کہ پیسے لے لیں ہمارے گھر پاکستان میں مجلہ حرمین بھیج دیا کریں۔ لیکن انہوں نے کہا کہ بذریعہ خط آپ سے رابطہ کریں۔ الحمدللہ یہاں جدہ میں اہلحدیث جماعت کے درس ہوتے ہیں ہم باقاعدہ سننے کے لیے جاتے ہیں۔ ہمارے جو نئے ساتھی بن گئے ہیں ان میں ایک طارق پٹھان ہیں کراچی سے تعلق ہے پہلے شیعہ تھے اب متبع رسولؐ اہل حدیث ہیں غلام مصطفے شیخوپورہ۔ محمد طفیل ڈسکہ۔ محمد نقی ضلع ملتان ان کے والد بھی ادھر ہیں لیکن وہ ابھی بضد ہیں اللہ کی ان کی راہنمائی کرے۔ یہاں محلہ صناعیہ میں ایک بہت بڑا ہوٹل ہے مطعم السفری تقریباً دس ساتھی پاکستانی ہیں آپ کی دعا سے سب ہی مسلک اہل حدیث اختیار کرچکے ہیں ان کے منیجر غلام نبی صاحب آف کراچی ہیں جو دین سے بہت محبت کرتے ہیں اور نئے نئے اہلحدیث ہونے کے بعد بہت لوگوں کو دعوت دے رہے ہیں۔

اللہ تعالی ہم سب کو حق پر ثابت قدم رکھے۔ اور مسلک حقہ کی تبلیغ واشاعت کی ہمیں توفیق عطا فرمائے۔ آمین